بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء ۔ ان یتبشک بابا مقاما محمودا

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴۰

روزنامہ الفضل ربوہ

یوم یکشنبہ

ایڈیٹر روشن دین تنویر

The Daily ALFAZL RABWAH

قیمت فی پرچہ ۲ پیسے

جلد ۵۷/۲۲ | صلح ۴۶ ہش ۱۳۴۷ ہجری شمسی ۶ شعبان ۱۳۸۷ ہجری قمری ۶ جنوری ۱۹۶۸ء | نمبر ۴

ہمارا جلسہ سالانہ ہزاروں برکتیں اپنے دامن میں لئے آگیا ہے

احباب کو ادنیٰ ادنیٰ حرجوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اس للّٰہی جلسہ میں شرکت کیلئے آنا اور اس کی عظیم الشان برکتوں سے مستفیض ہونا چاہیئے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ کے خطبہ جمعہ فرمودہ ۵ جنوری کا خلاصہ

ربوہ ۶ جنوری ۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے کل مورخہ ۵ جنوری ۶۸ء کو خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تحریرات کی روشنی میں جلسہ سالانہ کی عظیم الشان برکتوں پر تفصیل سے روشنی ڈال کر احباب جماعت کو تحریک فرمائی کہ انہیں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے نہایت درجہ تاکیدی ارشاد کے بموجب ادنےٰ ادنےٰ حرجوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اس للّٰہی جلسہ میں شرکت کے لئے آنے اور اس کی عظیم الشان برکتوں سے حصہ لینے کی پوری پوری کوشش کرنی چاہیئے۔

حضور ایدہ اللہ نے اس امر کو واضح کرنے کے بعد کہ اس جلسہ میں شرکت کے لئے اور اس کی برکات سے فائدہ اٹھانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہماری نیتیں پاک ہوں اور ان میں کسی قسم کا فساد نہ ہو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پُر معارف تحریرات کے حسب ذیل دو اقتباسات پڑھ کر سنائے

(۱) "حتی الوسع تمام دوستوں کو محض للہ ربانی باتوں کے سننے کے لئے اور دعا میں شریک ہونے کیلئے اس تاریخ پر آجانا چاہیئے اور اس جلسہ میں ایسے حقائق و معارف کے سنانے کا شغل رہے گا۔ جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں اور نیز ان دوستوں کے لئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہوگی اور حتی الوسع بدرگاہ ارحم الراحمین کوشش کی جائے گی کہ خدا تعالےٰ اپنی طرف ان کو کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے۔ اور ایک عارضی فائدہ ان جلسوں میں یہ بھی ہوگا کہ ہر ایک نئے سال جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کے منہ دیکھ لیں گے۔ اور روشناسی ہو کر آپس میں رشتہ تودّد و تعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا اور جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا۔ اس جلسہ میں اس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے گی اور تمام بھائیوں کو روحانی طور پر ایک کرنے کے لئے اور ان کی خشکی اور اجنبیت اور نفاق کو درمیان سے اٹھا دینے کے لئے بدرگاہ حضرت عزت جل شانہ کوشش کی جائے گی اور اس روحانی جلسے میں اور بھی کئی روحانی فوائد اور منافع ہوں گے جو انشاء اللہ القدیر وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتے رہیں گے۔"

(آسمانی فیصلہ صفحات ۷ تا ۹)

(۲) "لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے۔ ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زاد راہ کی استطاعت رکھتے ہوں اور اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لاویں اور اللہ اور اس کے رسول کی راہ میں ادنےٰ ادنےٰ حرجوں کی پرواہ نہ کریں۔ خدا تعالےٰ مخلصوں کو ہر یک قدم پر ثواب دیتا ہے۔ اور اس کی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں ہوتی۔ اور مکرر لکھا جاتا ہے کہ اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالےٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

(اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء)

حضور ایدہ اللہ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تحریرات کے مندرجہ بالا اقتباسات سنانے کے بعد ان کی روشنی میں جلسہ سالانہ کی عظمت و اہمیت، اس کی عظیم الشان برکات سے فائدہ اٹھانے کے صحیح طریق سے متعلق آٹھ نہایت ہی اہم امور وضاحت سے بیان فرمائے اور احباب کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں اس جلسہ میں شرکت کی غرض سے آنے اور اس کی برکات سے فیض یاب ہونے کی تحریک فرمائی۔

مزید برآں حضور نے خطبہ جمعہ میں ان اہم ذمہ داریوں کو بھی واضح فرمایا جو جلسہ سالانہ میں شمولیت اور اس کی برکات سے فائدہ اٹھانے کے سلسلہ میں بیرونی جماعتوں کے احباب اور ربوہ کے مقامی احباب پر عائد ہوتی ہیں۔ علی الخصوص حضور نے ربوہ کے مقامی احباب پر ان ایام میں صفائی کا خاص خیال رکھنے اور اس کی طرف بہت زیادہ توجہ دینے نیز حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مہمانوں کی مہمان نوازی ان کی سہولت اور آرام اور خدمت بجا لانے کی اہمیت کو واضح فرمایا کہ اس کے نتیجہ میں ملنے والے خدائی افضال اور رحمتوں کی بے انداز وسعت پر بھی روشنی ڈالی۔

اخبار احمدیہ

13

۔ ربوہ ۶ جنوری ۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالےٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ

جلسہ سالانہ کے ایام میں مسجد مبارک میں نماز تہجد اور درس قرآن کریم

امسال بھی حسب سابق جلسہ سالانہ کے ایام میں مسجد مبارک میں صبح ۴½ بجے سے ۵½ بجے تک نماز تہجد باجماعت ہوا کرے گی۔ اور نماز فجر کے بعد قرآن کریم کا درس ہوا کرے گا۔

(ناظر اصلاح وارشاد ربوہ)

روزنامہ الفضل ربوہ

مورخہ ۷ جنوری ۱۹۶۸ء

جلسہ سالانہ کی اہمیت

تفریح ۔ تجارت ۔ فنون وغیرہ ۔ قومی کاموں کے لئے اجتماعات کا رواج شروع ہی سے چلا آیا ہے ۔ وحشی سے وحشی اور مہذب سے مہذب اقوام کئی قسم کے اجتماعات ہمیشہ منعقد کرتی چلی آئی ہیں ۔ یہ انسانی فطرت ہے کہ انسان زیادہ سے زیادہ میل جول کو پسند کرتا ہے ۔ سنسان گلیوں کی بجائے بازاروں کی رونق کو ترجیح دی جاتی ہے ۔ گھروں میں بھی وہی گھر آباد اور خوشی کا گہوارہ سمجھا جاتا ہے ۔ جس میں خاندان کے زیادہ افراد رہتے ہوں الا ماشاء اللہ بعض وقت انسان تنہائی پسند بھی ہو جاتا ہے ۔ مگر یہ خاص حالتوں ہی میں ہوتا ہے ۔

معمولی کاروبار کے دوران اگرچہ تنہائی کے مواقع کم ملتے ہیں تاہم ایسے میل جول کے باوجود اقوام خاص دنوں میں اجتماعات منعقد کرتی ہیں ۔ جن کی کئی اغراض ہوتی ہیں ۔ میلے لگتے ہیں بازار ترتیب دیئے جاتے ہیں ۔ ان دنوں میں گردونواح کے لوگ ان میں شامل ہونا ضروری خیال کرتے ہیں ۔ الغرض اجتماعات منعقد کرنا انسان کی فطرت میں ہے ۔

آج کل زیادہ تر سیاسی قسم کے اجتماعات خاص اہمیت اختیار کر رہے ہیں ۔ بڑے بڑے مجمعوں میں سیاسی لیڈر اپنے خیالات عوام کے سامنے پیش کرتے ہیں ۔ جن سے ان کی غرض دوسروں کو اپنا ہم خیال بنانا ہوتی ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں کوئی خاص نظریہ پھیلانے کے لئے دیگر ذرائع کے علاوہ اجتماعات کا منعقد کرنا خاص اہمیت رکھتا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام بھی مجمعوں کو خطاب کرتے رہے ہیں اور تبلیغ واشاعت کے لئے یہ ذریعہ ضروری سمجھتے رہے ہیں ۔ سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اکثر میلوں میں جاکر اپنا پیغام پہنچاتے تھے ۔ اور آہستہ آہستہ وہ زمانہ بھی آگیا ۔ کہ پہلے اعلان کر کے اجتماعات کئے جاتے اور لوگوں کو اللہ تعالےٰ کی باتیں سنائی جاتیں ۔ جس سے آپ کی غرض صرف باتیں سنانا نہیں ہوتا تھا ۔ بلکہ ان باتوں پر عمل پیرا ہونے کی تلقین بھی مدنظر ہوتی تھی

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے صحبت صالحین پر بڑا زور دیا ہے ۔ اور جماعت کو بار بار قادیان آنے کی نصیحت کرتے رہتے تھے ۔ اس غرض کے پیش نظر آپ نے جلسہ سالانہ کی بنیاد ڈالی تاکہ مخلصین خاص ایام میں قادیان میں جمع ہو کر فائدہ اٹھائیں چنانچہ اشتہار دسمبر ۱۸۹۲ء میں آپ فرماتے ہیں ۔

"اس جلسہ کی اغراض میں سے بڑی غرض تو یہ ہے کہ تا ہر ایک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملے اور ان کی معلومات وسیع ہوں اور خدا تعالےٰ کے فضل اور توفیق سے ان کی معرفت ترقی پذیر ہو"

ایک جماعت جس کا دعوےٰ ہے کہ وہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے اسلام کی نشاۃ ثانیہ کے لئے کھڑی کی گئی ہے ۔ اس کے لئے سب سے بڑی خوشی اسی میں ہے کہ وہ اس کام کے لئے اپنے آپ کو تیار کرے ۔ جو کام اللہ تعالےٰ اس سے لینا چاہتا ہے ۔ جماعت احمدیہ اسی لئے کھڑی ہوئی ہے ۔ کہ وہ دنیا میں اللہ تعالےٰ کی معرفت کا جذبہ عام کرے ۔ اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے کہ ہر فرد جماعت پہلے اللہ تعالےٰ کی معرفت خود حاصل کرے ۔ ورنہ جو چیز خود اس کے پاس نہیں ہے ۔ وہ دوسروں کو کس طرح دے سکتا ہے ۔ لہذا جیسا کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا ہے ۔ دینی معرفت حاصل کرنے کے لئے ہم

مسلمان کی زندگی ہے عبادت

مسلمان کی زندگی ہے عبادت
غمی ہے عبادت خوشی ہے عبادت

ہر اک کام میں ہو عیاں صبغۃ اللہ
جو سچ پوچھئے تو یہی ہے عبادت

رہے کار میں ہاتھ دل یار میں ہو
کہ ہر سانس ہر سانس کی ہے عبادت

کبھی ہے عبادت خودی بے خودی میں
خودی میں کبھی بے خودی ہے عبادت

اگر دل میں تنویر خوف خدا ہو
تری دوستی دشمنی ہے عبادت

تنویر

ہم جلسہ سالانہ بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے ۔ آپ اسی اشتہار میں فرماتے ہیں ۔

"مکرر لکھا جاتا ہے کہ اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں ۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ اسلام پر بنیاد ہے ۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالےٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے ۔"

الغرض ہمارا جلسہ سالانہ دوسرے جلسوں سے جو دیگر اقوام یا مذاہب کے پیرو منعقد کرتے ہیں ۔ اس لحاظ سے مختلف ہے کہ اس جلسہ کی غرض صرف کوئی پیغام پہنچانا نہیں ہے ۔ بلکہ ہماری دینی جدوجہد کے تعلق میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے ۔ اللہ تعالےٰ نے جن اغراض کے حصول کے لئے ہماری جماعت کو کھڑا کیا ہے ۔ ان اغراض کو تقویت دینے کے لئے یہ جلسہ خاص اہمیت رکھتا ہے ۔ کیونکہ اس جلسہ کی بنیادی غرض قوم کو اس کام کی تیاری میں ایسے سامان بہم پہنچانا ہے ۔ جن کے بغیر ہم اپنا کام خوش اسلوبی سے سرانجام نہیں دے سکتے ۔ اس لحاظ سے جلسہ میں شمولیت جہاد فی سبیل اللہ کی حیثیت اختیار کر لیتی ہے ۔ اور جو دوست بغیر شرعی عذر کے شامل نہیں ہوتا ۔ وہ ایک طرح سے جہاد سے الگ رہتا ہے ۔ جو خدا اور رسول کی ناراضی کا باعث ہے ۔

درخواست دعا: عزیزی منیر الدین احمد ابن ڈاکٹر بدر الدین احمد صاحب مرحوم حادثے کی وجہ سے ہسپتال میں بیمار ہے ۔ نیز میرے گھٹنوں میں چار ماہ سے بہت تکلیف ہے ۔ احباب دعائے صحت فرمائیں ۔ مرزا محمد حسین چیمہ مسیح ربوہ

(۲) خاکسار کی بستی بہن محترمہ امۃ الرشید صاحبہ اہلیہ محترم مولوی عبد الحلیم صاحب کانی ایام سے بعارضہ تبخیر معدہ علیل چلی آرہی ہیں ۔ خواجہ خورشید احمد سالکوٹی واقف زندگی

احمدیہ ہوسٹل لاہور کے ابتدائی دور کی چند دلکش یادیں

(محترم جناب شیخ محمد احمد صاحب مظہر ایڈووکیٹ امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع لائلپور)

(۲)

ایک رات حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ پہرے کے انتظام کا جائزہ لینے کے لئے بہشتی مقبرے میں تشریف لائے۔ پہرے دار نے حضورؓ کو نہیں پہچانا اور روکنا چاہا لیکن معلوم ہونے پر اُس نے راستہ دے دیا حضور پہرے کے انتظام سے بہت خوش ہوئے اور چاروں طرف کا جائزہ لے کر با اطمینان واپس تشریف لے گئے۔

ایک دن امیر صاحب مجسٹریٹ کے ساتھ بہشتی مقبرے میں تشریف لائے۔ ہم سب طلباء دوپہر کا کھانا صفوں پر بیٹھے ہوئے کھا رہے تھے امیر صاحب نے ہماری طرف اشارہ کر کے مجسٹریٹ کو بتایا کہ یہ ہمارے گریجوایٹ ہیں۔

فساد کا خطرہ ہر وقت رہتا تھا اِس لئے پہرہ ہر وقت چُست رہتا تھا۔ تیسری رات کا ذکر ہے کہ رات کے تین بجے تھے گیس کے لیمپ مقبرے میں روشن تھے۔ اطلاع ملی کہ فساد کا خطرہ پیش آ گیا ہے۔ ذوالفقار علی خان صاحب مرحوم (برادر اکبر محمد علی شوکت علی صاحبان) بہشتی مقبرے کے انچارج تھے۔ انہوں نے ایک بلند جگہ پر چڑھ کر بڑی گرج دار آواز میں پوچھا کہ کیا جانیں دینے کے لئے تیار ہو سینکڑوں آدمی پہرے دار تھے۔ ہر ایک کا جواب تھا کہ بڑی خوشی سے۔ دس منٹ تک ہم انتظار میں رہے اتنے میں پیغام آیا کہ خیریت ہے۔

اِس کے بعد جب غیر احمدیوں کا جلسہ ختم ہو گیا تو پہرہ مقبرے سے ہٹا لیا گیا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے مسجد مبارک سے ملحق مرزا گل محمد صاحب کی حویلی کے صحن میں جو بڑا وسیع تھا ایک نہایت رقت انگیز تقریر فرمائی۔

اِس کے بعد ہم قادیان سے واپس ہوئے۔ خاکسار اور شیخ بشیر احمد صاحب یکّے میں سوار تھے اور ہمارے پیچھے امیر صاحب کا یکّہ چلا آ رہا تھا۔ بٹالہ سے چار میل ادھر دوانی وال کا تکیہ تھا۔ میرا یکّہ ایک ٹوکر پر چڑھ گیا اور الٹ گیا۔ اور تمام یکّہ میرے جسم پر آ پڑا۔ میرے کندھے کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ محترم بشیر احمد صاحب کہتے ہیں کہ میں یہ کہتا ہوا بے ہوش ہو گیا

Look to my arm
Look to my arm

پانی لایا گیا اور میرے مُنہ پر چھڑکا گیا۔ ذرا ہوش آنے پر میری پگڑی سے میرا بازو باندھ دیا گیا۔ میں ایک کربناک حالت میں تھا اور میرا سنبھالنا مشکل ہو رہا تھا۔ پہلے صلاح ٹھہری کہ بٹالہ کے ہسپتال میں داخل کیا جائے پھر یہ تجویز ہوئی کہ نہیں لاہور ہی لے جایا جائے۔ ایک اعوری طبیب میرے یکّے میں تھے اُن کی رائے تھی کہ لاہور لے جانا بہتر ہو گا۔

امیر صاحب نے مجھے اپنے یکّے میں ڈال لیا اور وہ چار میل کا راستہ بڑے درد و کرب سے طے ہوا اور ہم اسٹیشن کے ویٹنگ روم میں گاڑی کا انتظار کر رہے تھے مرزا غلام حیدر صاحب (حال ایڈووکیٹ نوشہرہ) اس اثناء میں ویٹنگ روم میں پہنچے۔ کئی راتوں کی بیداری رفع کی کوفت۔ مجھے اس درد و کرب کی حالت میں دیکھ کر خود بے ہوش ہو گئے۔ اب انہیں بھی سنبھالنا پڑا تھوڑی دیر کے بعد ان کی طبیعت بحال ہو گئی۔

امیر صاحب نے اپنے پاس سے میرے لئے سیکنڈ کلاس کا ٹکٹ لے لیا تھا اور اس سفر میں وہی میرے تیماردار تھے۔ مجھے بے حد تکلیف اور درد تھا۔ امیر صاحب مجھے دلاسا دیتے رہے۔ کبھی کہتے کہ تم نے فلاں نظم بڑی اچھی لکھی تھی سناؤ۔ کبھی کہتے تمہارا نکاح بڑی اچھی جگہ ہوا ہے۔ غرض اسی طرح وہ تسلی اور تشفی دیتے رہے یہاں تک کہ ہم لاہور پہنچ گئے۔ غالباً جماعت کو تار کے ذریعے اطلاع دیدی گئی تھی اس لئے سٹریچر موجود تھا اور بہت سے دوست اسٹیشن پر آئے ہوئے تھے۔ سٹریچر پر ڈال کر مجھے لے جایا گیا اور ایک فٹن میں بیٹھ کر ہم میو ہسپتال رات کے دس بجے کے قریب پہنچ گئے۔ مجھے کلوروفارم سنگھایا گیا اور مرہم پٹی میری بیہوشی کی حالت میں کی گئی۔ رات کے بارہ بجے کے قریب مجھے ہوش آیا۔ اور ایک گونا سکون حاصل ہوا۔ میں اٹھارہ دن ہسپتال میں رہا۔ دوست روزانہ میرے پاس آتے تھے اور کبھی ان کی محبت کی وجہ سے ڈاکٹر سے اجازت لے کر میں ایک آدھ گھنٹے کے لئے بندھے ہوئے بازو کے ساتھ ہوسٹل ہو آتا تھا۔ ہوسٹل سے ڈسچارج ہونے کے بعد بھی علاج جاری رہا۔ ہڈی کے جوڑ کی وجہ سے میرا بایاں بازو نصف انچ کے قریب چھوٹا ہو گیا ہے۔ درزی کو دونوں بازوؤں کا الگ الگ ناپ دیتا ہوں۔ جب سردی کا موسم آتا ہے تو ہڈی ٹوٹنے کی جگہ پر ہلکا ہلکا درد ہوتا ہے لیکن کتنا میٹھا ہے یہ درد۔ جو مندرجہ بالا واقعات کو ایک ایک کر کے فلم کی طرح میری آنکھوں کے سامنے لاتا ہے اور امیر صاحب کی مہربانی اور ہمدردی کو یاد دلاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم تھا کہ ہم سب امتحانوں میں پاس ہو گئے۔ گو خاکسار کو اگلے سال امتحان دینا پڑا۔ امیر صاحب نے بحیثیت لاء کالج میری سفارش کر دی اور کیمبرلہ ہائی کورٹ نے اپنا اختیار تمیزی استعمال کر کے مجھے پریکٹس کی اجازت دیدی تھی۔

جہاں تک یاد ہے اِس سفر میں مندرجہ ذیل دوست شامل تھے۔

مخدومی چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب
برادرم ملک غلام فرید صاحب
برادرم مرزا عبدالحق صاحب
برادرم صوفی محمد ابراہیم صاحب
برادرم ڈاکٹر احمد دین صاحب
برادرم ڈاکٹر بدرالدین احمد صاحب مرحوم
برادرم چوہدری علی اکبر صاحب
برادرم چوہدری فضل احمد صاحب
برادرم شیخ یوسف علی صاحب (مرحوم)
برادرم شیخ بشیر احمد صاحب
برادرم میاں عطاء اللہ صاحب
برادرم کرنل عطاء اللہ صاحب
برادرم عطاء اللہ صاحب شیخوپوری مرحوم۔
برادرم مرزا غلام حیدر صاحب مرحوم۔

باقی دوستوں کے نام اِس وقت میرے ذہن میں محفوظ نہیں ہیں۔ ہر ایک دوست پر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل فرمائے۔ انہیں دینی اور دنیوی ترقی عطا فرمائی۔ جس کی تفصیل بیان کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ ظاہر و باہر ہے۔ اللہ تعالیٰ ذرّہ نواز ہے اور ہم سب اسی کے در کے سوالی ہیں ؎

یادِ ایامیکہ باہم آشنا بودیم ما
ہم خیال و ہم صفیر و ہم نوا بودیم ما

دُعائے نعم البدل

مکرم منور احمد صاحب عارف جہلمی کارکن نظارت بیت المال کی بچی آٹھ روز زندہ رہ کر مورخہ ۲۸/۱۲/۶۷ بروز جمعرات وفات پا گئی۔ اس سے قبل ان کے تین بچے وفات پا چکے ہیں۔ احباب جماعت دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور زندہ رہنے والی اولاد عطا فرمائے۔

(عبدالسمیع خان کاٹھ گڑھی)

جلسہ سالانہ ۱۹۶۸ء پر جماعتی ملاقاتوں کا پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے جلسہ سالانہ کے ایام میں جماعتی ملاقاتوں کا نظر ثانی شدہ پروگرام درج ذیل ہے۔ جماعتیں اپنی اپنی ملاقات کی تاریخ اور وقت نوٹ کر لیں اور اس کے مطابق ملاقات کا شرف حاصل کریں۔

(پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

تاریخ	وقت	نام جماعت ہائے	عرصہ ملاقات
۱۱/۱/۶۸	۸ بجے صبح	لاہور شہر و ضلع	۵۰ منٹ
		کیمبل پور شہر و ضلع	۱۰ "
	۷½ بجے شام	گجرات شہر و ضلع	۴۰ "
		پشاور۔ ڈیرہ اسمٰعیل خان ڈویژن	۴۰ "
		جہلم شہر و ضلع	۱۵ "
		ڈیرہ غازیخان شہر و ضلع	۱۵ "
		میانوالی شہر و ضلع	۵ "
۱۲/۱/۶۸	۸ بجے صبح	ملتان شہر و ضلع	۴۰ "
		راولپنڈی شہر و ضلع	۳۵ "
	۷½ بجے شام	سیالکوٹ شہر و ضلع	۱۰۰ "
		بیعت	۱۵ "
		گوجرانوالہ شہر و ضلع	۶۰ "
۱۳/۱/۶۸	۸ بجے صبح	حیدرآباد و خیرپور ڈویژن	۴۵ "
		کراچی	۳۰ "
		مظفر گڑھ شہر و ضلع	۲۰ "
	۷½ بجے شام	کوئٹہ۔ بلوچستان	۲۰ "
		بہاولپور ڈویژن (ہر سہ اضلاع)	۳۰ "
		بیعت	۱۵ "
		جھنگ شہر و ضلع	۲۵ "
		ساہیوال شہر و ضلع	۴۰ "
		آزاد کشمیر	۲۰ "
۱۴/۱/۶۸		سرگودھا شہر و ضلع	۴۵ "
		بیعت	۱۰ "
		لائلپور شہر و ضلع	۶۰ "
		مشرقی پاکستان	۱۰ "
		ہندوستان	۱۵ "
		ممالک بیرون	۱۰ "

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یاد میں نظموں کا مجموعہ

یادِ محمود رضؓ

کے نام سے شائع ہو گیا ہے۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یاد میں احباب جماعت نے جو نظمیں کہی تھیں ان کا مجموعہ لجنہ اماء اللہ مرکزیہ نے کتابی صورت میں شائع کیا ہے قیمت ۲ آنہ ہے۔ دفتر لجنہ اماء اللہ سے کتاب منگوائی جا سکتی ہے۔ جو لجنات اکٹھی کتب منگوائیں گی ان کو کمیشن پر دی جائیں گی۔

خاکسار

مریم صدیقہ صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ

نظارت اصلاح وارشاد کا شائع کردہ لٹریچر

ہمارے پاس رعائتی قیمت پر دینے کے لئے مندرجہ ذیل لٹریچر موجود ہے جماعتوں کو جس کتاب کی ضرورت ہو طلب فرمالیں۔ محصول ڈاک اس رعائتی قیمت کے علاوہ ہوگا۔

(۱) اسلامی اصول کی فلاسفی — ایک روپیہ پچاس پیسے

(۲) قرآنی انوار (خطبات حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ) اسٹیشن آرٹ پیپر ۲۵-۱

(۳) " " (" " " " " " سفید ولایتی کاغذ ۸۸-

(۴) امن کا پیغام (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کے حالیہ دورۂ انگلستان کی انگریزی تقریر کا اردو ترجمہ) ۲۵-۰

(۵) الحجۃ البالغہ (وفاتِ مسیح علیہ السلام) مصنفہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ۶۲-۰

(۶) چار تقریریں (متعلقہ سیرۃ حضرت مسیح موعودؑ) " " " ۰۰-۲

(۷) تبلیغ ہدایت " " " ۲۵-۲

(۸) مقامِ خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ۵۰-۱

(۹) شانِ مسیح موعودؑ (متعلق غیر مبائع) ۵۰-۰

(۱۰) حافظ کپورتھلوی کے وساوس کا ازالہ ۵۰-۰

(۱۱) بشاراتِ ربانیہ ۱۲-۰

(۱۲) مجموعہ تقاریر جلسہ سالانہ ۱۹۶۱ء ۵۰-۱

(۱۳) مجموعہ تقاریر جلسہ سالانہ ۱۹۶۲ء ۰۰-۲

(۱۴) احمدیہ تحریک پر تبصرہ ۵۰-۱

(۱۵) نبوت و خلافت کے متعلق اہلِ پیغام اور جماعتِ احمدیہ کا مؤقف ۵۰-۰

(ناظر اصلاح وارشاد ربوہ)

سید محمد احمد شاہ صاحب ہوشیارپوری کی وفات

برادرم سید محمد احمد شاہ صاحب ولد سید پیر حاجی احمد صاحب ہوشیارپوری حال ربوہ مؤرخہ ۳۰-۳۱ دسمبر ۶۷ء کی درمیانی شب محلہ دارالرحمت شرقی ربوہ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہہ کر اپنے مولیٰ حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم دسمبر ۱۹۱۶ء میں بمقام ہوشیارپور پیدا ہوئے تھے نہایت خوش اخلاق اور نوعِ انسان سے ہمدردی رکھنے والے تھے۔ احمدیت کے شیدائی تھے سلسلہ کے لئے بڑی غیرت رکھتے تھے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے ایک لڑکی چھوڑی ہے۔ آپ کی نماز جنازہ مورخہ ۳۱ دسمبر بعد نماز عصر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ نے پڑھائی۔ تدفین کے بعد قبر پر مکرم مولوی محمد صدیق صاحب صدر عمومی و کل انجمن احمدیہ ربوہ نے دعا کرائی۔ مرحوم موصی تھے اور بہشتی مقبرہ میں دفن ہوئے۔

احبابِ جماعت و بزرگانِ سلسلہ برادرم سید محمد احمد شاہ صاحب کی بلندیٔ درجات کے لئے دعا فرماویں نیز دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کا حافظ و ناصر ہو۔

(خاکسار۔ حکیم سید پیر احمد ہوشیارپوری حال سیالکوٹ)

15

جلسہ پر آنے والے دوستوں کیلئے ضروری ہدایات

خداوندِ تعالیٰ کے فضل و رحم کے ساتھ جلسہ سالانہ کے ایام قریب سے قریب تر آتے جا رہے ہیں۔ جلسہ میں شمولیت کے لئے جہاں ہزاروں ہزار افراد جماعت آتے ہیں۔ وہاں بعض شر پسند اور ناپسندیدہ افراد کے آنے کا بھی احتمال ہوتا ہے احباب جماعت کو اپنے فائدے کے لئے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے

(۱) جلسہ جماعتوں کے احباب کوشش کر کے اکٹھے سفر کریں تاکہ سفر میں بھی سہولت رہے۔ اور جماعت کے ساتھ جو برکت ہوتی ہے۔ اس سے بھی مستفیض ہوں

(۲) اپنے ہمراہ صرف وہی سامان لائیں جو موسم کے لحاظ سے ضروری ہو۔ غیر ضروری سامان کپڑے یا زیورات نہ لائیں۔

(۳) اپنے جملہ سامان پر نام اور مکمل پتہ (جہاں سے روانہ ہوں اور جہاں ٹھہرنا ہو) کے لیبل گوند یا لیٹی سے چسپاں کر دیں۔

(۴) گاڑی میں چڑھتے اور اترتے وقت عجلت سے کام نہ لیں۔ مکمل حوصلہ صبر اور سکون سے اپنا سامان گاڑی میں رکھیں نیز یہ بھی خیال رہے۔ کہ راستے میں بھی اپنے سامان سے غفلت نہ برتیں۔

(۵) بچوں کو زیورات نہ پہنائیں بلکہ مصنوعی زیورات کے استعمال سے بھی اجتناب کریں۔

(۶) اپنے بچوں کی جملہ وقت نگہداشت رکھیں، اور چھوٹے بچوں کو گم ہونے سے بچانے کے لئے بچہ کا نام معہ ولدیت اور پورا پتہ لکھ کر یا تو بچہ کی جیب میں ڈال دیں یا پھر اسکے بازو پر باندھ دیں۔

(۷) آپ جب ریلوے اسٹیشن یا بس کے اڈے پر گاڑی سے اتریں تو اپنا سامان قلی کے حوالہ کرنے سے پہلے قلی کا نمبر دیکھ لیں۔ اور کسی ایسے قلی کو سامان نہ دیں جس کے پاس کوئی نمبر نہ ہو اپنے سامان کی اچھی طرح پڑتال کرنے کے بعد اسٹیشن یا اڈہ سے روانہ ہوں۔ اور راستے میں بھی قلی پر نگاہ رکھیں اگر کسی قسم کی دقت پیش آئے تو فوراً استقبال کے عملے کو اطلاع دیں

(۸) جہاں کہیں بھی آپ کا قیام ہو۔ جلسہ میں جانے سے قبل اپنے سامان کی حفاظت کا مکمل بندوبست کر کے جائیں نیز قیام گاہوں کے منتظمین کو بھی اپنی آمد و رفت سے باخبر رکھیں۔

(۹) ہجوم میں جلد بازی عام طور پر نقصان کا باعث ہوتی ہے۔ اس وجہ سے جلسہ گاہ سے نکلتے وقت۔ اسٹیشن پر۔ بسوں کے اڈہ پر یا جہاں کہیں بھیڑ ہو پوری تسلی اطمینان اور وقار سے کام لیں۔ ایسے موقعہ پر جیب کتروں سے بھی ہشیار رہیں۔

(۱۰) اپنی جیب سے تمام روپیہ عام لوگوں کے سامنے نہ نکالیں نہ ہی اپنے بٹوے کو ایسی جگہ پر لاپرواہی سے کھولیں جہاں عام نگاہیں۔ آپ کے بٹوے کی رقم کا جائزہ لے سکیں۔

(۱۱) مستورات کو چاہیئے کہ سفر و حضر میں پردہ کا خاص طور پر اہتمام کریں

(۱۲) دوران قیام ربوہ پہاڑیوں پر چڑھنے سے اجتناب کریں۔ کیونکہ اس سے حادثہ کا امکان ہو سکتا ہے

(۱۳) اگر کوئی شخص بدمزاجی سے پیش آئے۔ یا کوئی لڑائی جھگڑا کرے تو آپ اس سے اعراض کریں۔ یا بالموعظۃ الحسنہ کے مطابق اسے حکمت و دانائی سے باز رکھنے کی کوشش کریں۔ اور نرمی و محبت سے اسے سمجھائیں۔

(۱۴) سفر و حضر کے دوران متواتر استغفار۔ درود شریف اور مسنون دعائیں پڑھتے رہیں۔ جلسہ کی کامیابی۔ پاکستان کی فتح و کامرانی اور اسلام کی ترقی کے لئے خاص طور پر دعائیں کریں۔

(۱۵) جلسہ کے منتظمین سے تعاون کا خاص خیال رکھیں جو آپ کی سہولت اور آرام کے لئے شب و روز کوشاں ہوں گے۔

(۱۶) جلسہ کے ایام میں اپنا وقت جلسہ گاہ میں گزاریں۔ تقاریر کے دوران بازار اور دکانوں میں نہ بیٹھیں۔

(ناظر امور عامہ)

تبصرہ

ایازِ محمود

(سیرت و سوانح حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحبؓ)

ناشر:۔ مسعود احمد خان برکات ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب دارالصدر شرقی ربوہ

زیر نظر کتاب سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ممتاز خادم حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مخلص صحابیؓ اور سیدنا حضرت محمود المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کے جانثار ساتھی اور معالج خصوصی حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب رضی اللہ عنہ کی سیرت و سوانح پر مشتمل ہے یہ جلد اول ہے۔ جس میں حضرت ڈاکٹر صاحبؓ کے بچپن سے لے کر ۱۹۳۱ء تک کے حالات زندگی بیان کئے گئے ہیں۔ کتاب اول سے آخر تک بہت ایمان افروز اور دلچسپ ہے اور اس قابل ہے کہ احباب بالخصوص نوجوان اسے پڑھیں اور اپنے بزرگوں کی خصوصیات اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کریں۔

کل صفحات: ۱۷۶ ٹائیٹل عمدہ آرٹ کارڈ قیمت اعلیٰ کاغذ دو روپے جلسہ سالانہ کے موقعہ پر ہر بک سٹال سے دستیاب ہے۔ ادنیٰ کاغذ: ایک روپیہ چھ پیسے

درخواستہائے دُعا

۱۔ میرے ابا جی حکیم عبدالعزیز صاحب صدر جماعت احمدیہ چک چیچہ چند دنوں سے بوجہ انفلوئنزا بیمار ہیں۔ (قاضی نذر محمد احمدی چک چیچہ ضلع گوجرانوالہ)

۲۔ میرا لڑکا عزیزم سرفراز احمد سلمہ عرصہ چھ سال کے بعد ایک ماہ کی رخصت پر جنوری ۱۹۶۸ء کو بذریعہ ہوائی جہاز لندن سے پاکستان آ رہا ہے۔

(فضل الرحمان لیاقت آباد کراچی ۱۹)

۳۔ مکرمی ملک سوہندے خان صاحب انچارج دفتر چیپ بورڈ دارالیمن کافی دنوں سے بیمار رضہ بخار علیل ہیں اور کافی پریشانیوں میں مبتلا ہیں۔

فیروز الدین انسپکٹر تحریک جدید دارالیمن

۴۔ میری بیوی کی صحت ایک سال سے خراب چلی آ رہی ہے۔ اب پھر چند دنوں سے طبیعت زیادہ خراب ہے۔ حکیم محمود احمد سلم وقف جدید چک ۹۱/۸ محمود آباد ڈاکخانہ ساہیوال ضلع ملتان

احباب سب کے لئے دعا فرمائیں۔

ہوالشافی — سرمہ ہائے دنیا کو چیلنج — ہوالشافی

سرمہ درویش رجسٹرڈ

دواخانہ درویش قادیان کا فخریہ پیش کش

نسخہ کلاں

حضرت مولانا مولوی حکیم الحاج نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ تعالیٰ عنہ حکیم جموں و کشمیر درویش حقیقی

۲۵ جڑی بوٹیوں دیسی ادویات اور سچے موتیوں کا مرکب

آنکھوں کی جملہ امراض کو دور کرے۔ دھند جالا خارش پانی بہنا اور کمزوری نظر کے لئے بیحد مفید ہے اور آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے قیمت فی شیشی صرف ایک روپیہ شیشے کی سلائی ساتھ ہیں مفت۔ ترکیب استعمال ہمراہ علاوہ ازیں ہمارے دوسرے تحفے۔ درویش کاجل۔ درویش امرت اور درویش سینٹ بھی حاضر ہیں۔

جلسہ سالانہ میں گولبازار ربوہ میں ہماری دکان سے خریدیئے ہمارا عارضی سٹال بھی گولبازار میں ہوگا۔

زیورات کی خرید و فروخت کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔ پاک جیولرز گولبازار ربوہ

اعلان دارالقضاء

مکرم قریشی نصیر احمد صاحب بشیر مدرس پرائمری سکول محلہ دارالیمن ربوہ نے لکھا ہے کہ

(۱) میرے والد محترم حکیم بشیر احمد صاحب مرحوم ساکن لدھے والا گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ بتاریخ ۲۱/۹ وفات پا گئے ہیں ان کی اراضی قطعہ ۲۴/۱۵ رقبہ پانچ مرلہ واقع محلہ دارالیمن ربوہ ہے یہ اراضی میرے اور میرے بھائی قریشی منیر احمد صاحب کے نام منتقل کر دی جائے۔

(۲) والد صاحب مرحوم کی ایک امانتی رقم مبلغ -/۸۲۰ روپے کھاتہ ۳۶۰۰/۱۵۸ صدر انجمن احمدیہ میں بقایا ہے یہ بھی ہم ورثاء کے نام میں منتقل کر دی جائے۔

اگر کسی وارث وغیرہ کو اس پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم تک اطلاع دی جائے۔

(ناظم دارالقضاء)

حضور اقدس مسیح موعود علیہ السلام

کے

اردو کلام کا منظوم انگریزی ترجمہ

PSALMS of Ahmad

قیمت صرف دس روپے — ملنے کا پتہ

ریویو آف ریلیجنز ربوہ

نمک نور گولیاں

نمک نور ریگس کا خاتمہ کرنے میں اکسیر دوا ہے

نمک نور معدہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے

نمک نور جگر کے فعل کو باقاعدہ کر کے جگر کو مضبوط کرتا ہے

نمک نور بھوک لگاتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے

نمک نور منہ کی بدبو اور کھٹی ڈکاروں کے لئے مفید ہے

نمک نور شہرہ کو خوشنما بنانے کیلئے اکسیر ہے۔

نمک نور چہرہ کے داغوں کیل مہاسوں کو دفع کرتا ہے کیونکہ یہ بیماری خرابی ناخنہ سے بھی پیدا ہو جاتی ہے۔

قیمت ۱۰ گولی کا بکس ایک روپیہ دس پیسہ

شاہ نور فضل عمر فارمیسی نوشہرہ درشکار پور

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جملہ ۸۴ کتب کا مکمل سیٹ

"تیئیس ۲۳ جلدوں میں" ہدیہ ۲۲۰ روپے

علاوہ محصول ڈاک

الناشر۔ الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ

ہمدرد نسواں

اسقاط حمل اور بچوں کا پیدا ہو کر فوت ہو جانا اس کے لئے مفید مجرب نسخہ مکمل کورس -/۲۰ روپے

اکسیر جنین

اٹھرا کی گولیوں کے ساتھ اس کا استعمال بہت ہی مفید ہوتا ہے۔

فی تولہ -/۱۲ روپے

دواخانہ خدمت خلق رجسٹرڈ

گولبازار ربوہ

مقوی دماغ

دماغی کام کرنے والوں کے لئے تحفہ -/۵ روپے

سرد یشی

نوجوانوں کی صحت کی محافظ -/۸ "

شیر دل

نوجوانوں کی بیشمار بیماریوں کی دوا -/۶ "

ششہرین

مرض اٹھرا کی معتدل پڑیاں -/۳ "

حکیم نظام جان اینڈ سنز گوجرانوالہ

نہایت ضروری لٹریچر

ہمارے پاس رعائتی قیمت پر دینے کے لئے مندرجہ ذیل لٹریچر موجود ہے جماعتوں کو جس کتاب کی ضرورت ہو طلب فرمالیں محصول ڈاک اس رعائتی قیمت کے علاوہ ہوگا۔

۱۔ اسلامی اصول کی فلاسفی	۱—۵۰
۲۔ قرآنی انوار (خطبات حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) امیلیشن آرٹ پیپر	۱—۲۵
۳۔ " " " " " (سفید ولائتی کاغذ	۰—۸۸
۴۔ امن کا پیغام " " " " کے حالیہ دورہ انگلستان کی انگریزی تقریر کا اردو ترجمہ	۰—۲۵
۵۔ الحجۃ البالغہ (وفات مسیح علیہ السلام) مصنفہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب رضی اللہ	۰—۶۲
۶۔ چار تقریریں (متعلقہ سیرت حضرت مسیح موعود علیہ السلام " " " "	۲—۰۰
۷۔ تبلیغ ہدایت " " " "	۲—۲۵
۸۔ مقام خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم	۱—۵۰
۹۔ شان مسیح موعود (متعلق غیر مبائع)	۰—۵۰
۱۰۔ حافظ کمیڈی کے وساوس کا ازالہ	۰—۵۰
۱۱۔ بشارات ربانیہ	۰—۱۲
۱۲۔ مجموعہ تقاریر جلسہ سالانہ ۱۹۶۱ء	۱—۵۰
۱۳۔ مجموعہ تقاریر جلسہ سالانہ ۱۹۶۲ء	۲—۰۰
۱۴۔ احمدیہ تحریک پر تبصرہ	۱—۵۰
۱۵۔ نبوت و خلافت کے متعلق اہل پیغام اور جماعت احمدیہ کا مؤقف	۰—۵۰

(ناظر اصلاح وارشاد)

امراء اضلاع کی توجہ کیلئے ضروری اعلان

جملہ جماعتہائے احمدیہ کے عہدیداران کے موجودہ سہ سالہ تقرر کی میعاد ۳۰/۶/۶۸ کو ختم ہو رہی ہے۔ نئے انتخابات (از یکم مئی ۱۹۶۸ء تا ۳۰ اپریل ۱۹۷۱ء) کروائے جانے کے لئے اخبار الفضل میں اعلان کروا دیا گیا ہے۔ لہٰذا تمام امراء اضلاع اس امر کی نگرانی کا انتظام فرماویں کہ ان کے ضلع کی تمام جماعتوں کے انتخابات کی رپورٹیں ۱۵/۷/۶۸ تک نظارت علیا میں پہنچ جائیں۔ نیز یہ بھی نگرانی فرماویں کہ انتخابات قواعد کے مطابق ہوں۔

(ناظر اعلیٰ)

تفہیمات ربانیہ

از قلم ابوالعطاء جالندھری

جس میں مخالف علماء کے جملہ اعتراضات کے مدلل اور مسکت جواب دئے گئے ہیں سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے اسے طباعت سے پہلے ملاحظہ فرمایا اور خود اس کا نام تفہیمات ربانیہ تجویز فرمایا اور اسے "اعلیٰ لٹریچر" قرار دیا۔

صفحات ۸۲۰ مجلد سفید کاغذ قیمت گیارہ روپے۔

نہایت محدود تعداد ہے جلد پر ضرور خرید فرمائیں۔

منیجر الفرقان ربوہ

الفضل میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیں۔

سالانہ جلسہ کا بہترین علمی تحفہ "تاریخ احمدیت" جلد ہشتم

ضخامت سوا سات سو صفحات۔ نادر و نایاب تصاویر و دستاویزات کا حسین مرقع۔ نفیس اور معیاری طباعت و گرد پوش اور ہدیہ صرف گیارہ روپے۔ سالانہ جلسہ پر ہر بک سٹال سے طلب فرمائیے

(ادارۃ المصنفین ربوہ)

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی گرانقدر
یعنی
ملفوظات
16
مکمل سیٹ دس جلدوں میں ہدیہ ۰۰ روپے علاوہ محصول ڈاک
الناشر: الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ

بہترین مقویات
گلہ
زرد جام ۴۰ گولی ۱۲/۵۰ روپے
جوہر مقویات ۳۰ گولی ۵/- روپے
برش عنبری ۲۴ گولی ۷/۵۰ روپے

کورس بواسیر ثمرل کھانے کے لئے اور روغن جڑی بوٹی بواسیر کے مسوں کو خشک کرنے کے لئے بے ضرر روغن قیمت ۴ روپے
کثیر الشفا صدری نزلہ زکام خواہ کتنا پرانا ہو ایک ماہ کے لئے ۵۰-۶ روپے تریاق احمر پرانی کھانسی کے اثر کو دور کرتا ہے اور معدہ اور پیٹ کو طاقت دیتا ہے ۱/۴
تریاق نسواں اٹھرکی گولیاں اور اولاد بھی نرینہ ہوتی ہے
احمدیہ دواخانہ متصل ڈی آئی پرائمری سکول ربوہ کوئٹہ ۱۵

الفضل میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں

خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ
ربوہ کا مشہور و معروف دواساز ادارہ۔
(زیر نگرانی)
حکیم شیخ خورشید احمد ممتاز الاطباء رجسٹرڈ یونانی طبیب
اس ادارہ میں تمام مرکبات نہایت عمدہ اعلیٰ اور مکمل اجزاء سے تیار کئے جاتے ہیں۔ اور یونانی مفردات بھی صاف ستھری مناسب داموں میں ملتی ہیں۔
جملہ طبی ضروریات
(اور)
یونانی طریق علاج
سے
استفادہ کیلئے
خورشید یونانی دواخانہ گولبازار ربوہ میں تشریف لائیں
منیجر خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ

ہدیہ
امرت بوٹی
جسمانی طاقت کو بڑھانے کے لئے لاثانی دوا ہے، امرت بوٹی کے استعمال کرنے سے قوی میں حیرت انگیز اضافہ ہو جاتا ہے، امرت بوٹی دل اور جگر اور دماغی نشوونما کے لئے خاص اثر رکھتی ہے امرت بوٹی اعصاب کو مضبوط کر دیتی ہے قیمت ۶۰ گولیاں تین روپے
جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں ہمارے ایجنٹ صاحبان سے خریدیئے
منیجر حکیم فقیر احمد خان،
شاہ نور فضل عمر فارمیسی نوشہرہ درنسکا روڈ

تصحیح
مورخہ ۶ جنوری ۶۸ء کے پرچہ میں حکیم نظام جان اینڈ سنز کے اشتہار میں قیمتیں غلط شائع ہو گئی اصل قیمتیں اسطرح ہیں۔ مرہم سفیدی ڈبیہ پچاس پیسے حب مسان ۳ روپے اور بچوں کی چونڈی ۲ روپے گرہتی ۲ روپے ہے۔ احباب تصحیح فرمالیں
(منیجر)

شیرزان
سیب کا خالص جوس ۵۰ پیسے فی بوٹل
شیرزان
انگور کا خالص جوس ۵۰ پیسے فی بوٹل
رعایتی نرخوں میں
۲
نہایت لذیذ مشروبات
پاکیزگی اور نفاست میں یکتا
قیمت صرف ۳۵ پیسے فی بوٹل
مالٹا | اورنجز | لیموئیٹا | آم | انار | آلو بخارا
قیمت صرف پچاس پیسے فی بوٹل
جلسہ سالانہ کے موقع پر ہمارے کسی بھی سٹال پر تشریف لا کر نہایت درجہ لذیذ اور قوت بخش
شیرزان
پھلوں کے خالص جوس نوش فرمادیں،
ہر بوتل میں ایک خاص لذت
مظفر اینڈ سنز گنج مغل پورہ سول ایجنٹس برائے قصور، شیخوپورہ، گجرانوالہ

پاکستان ویسٹرن ریلوے

ایگزیکٹو انجینئر III/ ڈیولپمنٹ لاہور کو حسب ذیل کاموں کے لئے ٹنڈر دستاویزات کے مطابق برائے لیبر و میٹریل جہاں ضرورت ہو شیڈول آف کوانٹیٹیز کی بنیاد پر آئٹم ریٹ سمر ٹنڈر مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	تفصیلات کام	تخمینہ لاگت (نقد پوشن)	زر پیشگی	مدت جو تکمیل کیلئے دی گئی
(۱) لاہور	ہیڈ کوارٹرز آفس میں ریٹیس سیکشن کی دو منزلہ عمارت کی جگہ نئی عمارت کی تعمیر	۵۰،۰۰۰/- روپے	۳۰۰۰/- روپے	۴ ماہ
(۲) راولپنڈی	جونیئر سیکشن آفیسرز بنگلوں کے ۴ یونٹوں کی مرمت	۲،۷۰،۰۰۰/- روپے	ٹنڈر ریٹ کا فیصد	۶ ماہ

نوٹ: (۱) سیمنٹ اور سٹیل محکمہ ریلوے بلا قیمت فراہم کرے گا۔

(۲) ٹنڈر ان ٹھیکیداروں کے پاس فروخت کئے جائیں گے جو ڈویلپمنٹ برانچ کی منظور شدہ فہرست میں شامل ہیں ایسے ٹنڈر دہندگان جو پہلے سے منظور شدہ فہرست میں شامل نہیں ہیں ان کو چاہیئے کہ وہ ٹنڈر فروخت ہونے کے وقت پر انہوں نے جو کام مکمل کئے ہوں ان کے بارے میں دستاویزات اور سرٹیفکیٹ اور اپنی مالی ساکھ اور مذکورہ کام شروع کرنے کے سلسلہ میں اپنی استعداد کے بارے میں ضروری دستاویزات پیش کریں۔

(۳) ٹنڈر مقررہ فارموں پر پیش کئے جائیں جو دفتر ایگزیکٹو انجینئر III ڈیولپمنٹ اور چیف انجینئر (ڈیولپمنٹ) پی ڈبلیو آر لاہور سے ۶/- روپے کی ادائیگی پر دستیاب ہو سکتے ہیں۔

(۴) ٹنڈر فارم ۱۶ جنوری ۶۸ء سے ۳۰ جنوری ۶۸ء تک تمام کام کے دنوں میں اوقات کار کے دوران فروخت ہوں گے اور ۳۰ جنوری ۶۸ء کو لکھے جائیں گے

(۵) ٹنڈر جمع کرانے والوں کے لئے ضروری ہے وہ زر پیشگی جیسے کہ اوپر درج ہے نقد یا پے آرڈر اور لاہور ڈی پی ایم/ لاہور اور راولپنڈی کے پاس جمع کرائیں اور رسید ٹنڈر کے ساتھ منسلک کر دیں یا دو روپے کے نان جوڈیشل سٹیمپ پیپر پر بنک کا لیٹر آف گارنٹی بانڈ ہمراہ ارسال کریں۔

(۶) مفصل پلانز اور سٹرائٹ ٹنڈر دفتر ایگزیکٹو انجینئر III ڈیولپمنٹ لاہور میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

(۷) کام کے آئٹم ریٹ درج کرنے کے علاوہ ایسی آئٹموں کے لئے علیحدہ علیحدہ پریمیم جو کوانٹیٹیز کے بل میں نہ آتی ہوں کمپوزیٹ شیڈول آف ریٹس آف ۱۹۶۷ء جلد III پارٹ III کے زائد یا کم درج کئے جا سکتے ہیں۔

باقی (۷) 2

کتب حضرت مسیح موعودؑ کا دیدہ زیب اور ارزاں ایڈیشن

اسلامی اصول کی فلاسفی اور کشتی نوح

مجلس مشاورت کے فیصلہ کے مطابق نظارت اصلاح وارشاد نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کے سستے ایڈیشن کی اشاعت کا انتظام کیا ہے جو پہلے تمام ایڈیشنوں سے لفظی صحت معیار طباعت اور خوبصورتی میں بہت بڑھ کر ہے۔ اس سلسلے میں اسلامی اصول کی فلاسفی اور کشتی نوح، اعلیٰ کاغذ پر بلاک پرنٹنگ کے ساتھ انشاء اللہ جلسہ سالانہ کے موقع پر آپ کو مل سکیں گی۔ دونوں کتابیں دس دس ہزار کی تعداد میں شائع کی جا رہی ہیں۔ جماعتیں اگر کم از کم ۱۰۰ کی تعداد میں اکٹھے نسخے خرید کریں گی تو انہیں کمیشن کی رعایت دی جائے گی۔ یعنی اصل لاگت پر کتابیں دی جائیں گی۔ جماعتوں کا فرض ہے کہ یہ کتابیں زیادہ سے زیادہ خریدیں اور مفید ہاتھوں میں پہنچائیں تا یہ کتابیں سٹاک میں نہ پڑی رہیں۔

ضروری اعلان

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے حالیہ دورۂ یورپ میں وانڈزورتھ ہال (انگلستان) میں جو تقریر انگریزی زبان میں فرمائی تھی اس کا اردو ترجمہ نظارت اصلاح وارشاد کی طرف سے عمدہ کتابت اور طباعت کے ساتھ شائع ہو چکا ہے۔ قیمت ۲۵ روپے سینکڑہ ہے۔ محصول ڈاک اس قیمت کے علاوہ ہوگا۔

حضرت قمر الانبیاء مرزا بشیر احمد رضی اللہ عنہ کی گرانقدر تصانیف

تبلیغ ہدایت — صداقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر ایک سادہ دل نشین اور مدلل مضمون جو تبلیغ میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

چالیس جواہر پارے — آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی چالیس احادیث مع متن ترجمہ اور تشریح کے ساتھ بچوں کی تربیت کے لئے اس کا مطالعہ بہت مفید ہے۔

الحجۃ البالغہ — وفات مسیح پر ایک مفصل مضمون جو عقلی اور نقلی دلائل پر مشتمل ہے۔

ختم نبوت کی حقیقت — ختم نبوت کے موضوع پر قرآن مجید اور احادیث نبویہ کی رو سے محققانہ بحث۔

چار تقریریں جلسہ سالانہ — متعلق سیرت حضرت مسیح موعود علیہ السلام یہ کتب نظارت اصلاح وارشاد نے شائع کی ہیں اور بغیر کسی نفع کے اصل قیمت پر جلسہ سالانہ کے موقع پر دستیاب ہو سکیں گی۔

(ناظر اصلاح وارشاد)

اہل ربوہ سے ایک گزارش

جلسہ سالانہ کے دنوں میں مہمانوں کے آرام کی خاطر اہل ربوہ سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ حسب توفیق اپنے مکانوں کے باہر بھی بلب لگا کر روشنی کا انتظام کریں۔

(مبارک مصلح الدین احمد منتظم روشنی جلسہ سالانہ)

ENGLISH TRACED TO ARABIC

مکرم شیخ محمد احمد مظہر صاحب کی یہ معرکۃ الآراء تصنیف جس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیش کردہ اصولوں کی روشنی میں انگریزی تمام الفاظ کا ابتداء عربی مادوں سے نکلنا ثابت کیا گیا ہے خدا تعالیٰ کے فضل سے طبع ہو کر مارکیٹ میں آچکی ہے اور ربوہ کے کتب فروشوں سے دستیاب ہو سکتی ہے یہ مایہ ناز تصنیف تیس سالہ محنت کا یہ نچوڑ ایک علمی خزانہ ہے تمام علم دوست حضرات کو جلد از جلد اسے حاصل کر کے خود بھی استفادہ فرمانا چاہیئے اور اپنے حلقہ احباب میں بھی تعارف کروانا چاہیئے۔ (قیمت پندرہ روپے) (والسلام مرزا طاہر احمد ربوہ)

کارکنان جلسہ سالانہ کے لئے ضروری اعلان

احباب ربوہ کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ نقشہ مرکزی کارکنان برائے جلسہ سالانہ شائع ہو گیا ہے اور صدران محلہ جات مرکزی دفاتر اور تعلیمی ادارہ جات کو بھجوایا جا چکا ہے۔ تمام دوست اس نقشہ سے اپنے اپنے فرائض معلوم کر لیں اور اپنے افسران سے مل کر ہدایات لے لیں۔ جلسہ سالانہ کا کام ۷ جنوری سے شروع ہو جائے گا۔ اور ۱۶ جنوری تک جاری رہے گا۔ تمام کارکنان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس عرصہ میں اپنی مقررہ جگہ پر حاضر رہیں۔

(افسر جلسہ سالانہ)

ایک ضروری اعلان

جو دوست جلسہ سالانہ کے موقع پر ربوہ میں نکاح پڑھانا چاہتے ہیں انہیں سرکاری فارم بھی صحیح طور پر پُر کرا کر لانے چاہئیں اور مرکز کے فارم بھی منگوا کر پُر کرا کے ساتھ لانے چاہئیں۔

لڑکی کی رضامندی کے متعلق شہادت دینے والے دونوں گواہوں کو ناظر اصلاح وارشاد کے سامنے یہ بیان دینا ہوگا کہ لڑکی نے ان کے سامنے اپنی رضامندی سے دستخط کئے ہیں یا نشان انگوٹھا لگایا ہے۔ اگر گواہ ساتھ نہ ہوں تو امیر جماعت یا صدر کی تصدیق مع مہر ساتھ شامل ہونی چاہیئے۔ کہ ان دونوں گواہوں نے میرے سامنے یہ شہادت دی ہے کہ لڑکی نے ہمارے سامنے دستخط کئے ہیں یا نشان انگوٹھا لگایا ہے۔ اگر فارموں میں کوئی خامی ہوئی تو نکاح نہیں ہو سکے گا۔ فارموں کے ساتھ بعض اور ہدایات بھی دی گئی ہیں ان کی پابندی بھی ضروری ہے۔

فارم شعبہ رشتہ ناطہ ربوہ سے حاصل کئے جائیں۔

(ناظر اصلاح وارشاد)

ولادت

۱۔ اللہ تعالیٰ نے مکرم احسان الرحمٰن صاحب لاہور کو یکم جنوری ۱۹۶۸ء بروز دوشنبہ لڑکی عطا فرمائی ہے نومولودہ مکرم مولوی عبدالرحمٰن صاحب انور اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی پوتی اور مکرم مولوی محمد صادق صاحب سماٹری انچارج شعبہ اردو نویسی کی نواسی ہے احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ نومولودہ کو صحت و عافیت کے ساتھ عمر دراز عطا فرمائے دنیا و دینی نعمتوں سے مالا مال کرے اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے آمین۔

۲۔ مکرم سعادت احمد صاحب اشرف ٹیچر پی ٹی ہائی سکول بشیر آباد (ولد مکرم میاں خوشی محمد صاحب ربوہ) کے ہاں مورخہ ۱۰ رمضان المبارک ۱۳۸۷ھ مطابق ۱۳ دسمبر ۱۹۶۷ء فرزند تولد ہوا ہے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت برکات احمد نام رکھا ہے نومولود مولانا عبداللطیف صاحب بہاولپوری کی ربیبہ بیٹی کے بطن سے ہے جو ایک رنگ میں آپ کا نواسہ ہوا۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو عمر دراز خادم دین اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔ آمین۔

پاکستان ویسٹرن ریلوے

لوہے کے ڈھلے ہوئے ڈلوں 6 x 6 STEEL INGOTS کلاس ۱ کو (جو ریلوے کی طرف سے مہیا کئے جائیں گے) 2½ x 2½ BILLETS میں تبدیل کرنے کے لئے سربمہر لفافوں میں ٹنڈر مطلوب ہیں۔

ٹنڈر مقررہ فارموں پر داخل کرنا ہوں گے۔ جو پندرہ روپے فی سیٹ کے حساب سے چیف کنٹرولر آف سٹورز پی ڈبلیو ریلوے ہیڈ کوارٹرز انس ایمپریس روڈ لاہور کے دفتر سے اور ڈسٹرکٹ کنٹرولر آف سٹورز کراچی کینٹ کے دفتر سے یکم جنوری ۱۹۶۸ء سے ۲۳ جنوری ۱۹۶۸ء تک حاصل کئے جا سکتے ہیں ٹنڈر فارم کی قیمت ناقابل واپسی ہوگی۔ بیرونجات سے ٹنڈر فارمز طلب کرنے والوں کو ایک روپیہ ڈاک خرچ کے علاوہ مزید ارسال کرنا ہوگا۔

ٹنڈر چیف کنٹرولر آف سٹورز پی ڈبلیو ریلوے ہیڈ کوارٹرز انس ایمپریس روڈ لاہور کے دفتر میں لازمی طور پر ۲۴ جنوری ۱۹۶۸ء بعد از بدھ ۸ بجے صبح تک پہنچ جانے چاہئیں۔

ٹنڈر اسی روز ۸½ بجے صبح ہر اس ٹنڈر کنندہ کی موجودگی میں کھولے جائیں گے جو اس وقت وہاں موجود ہونے کا خواہش مند ہو۔ یہ پیش کش ٹنڈر کی مقررہ تاریخ سے چھ ہفتہ تک منظوری کے لئے کھلی رہے گی۔

INF (L) 3662